برج ون پلازہ حادثہ، محکمہ لیبر پنجاب کی کارروائی تعمیراتی کمپنی کے خلاف مقدمہ درج

لاہور (لیبر نیوز ویب ڈیسک) لاہور کے علاقہ گلبرگ میں واقع برج ون پلازہ میں لفٹ کیبل ٹوٹنے کے المناک حادثے کے بعد محکمہ لیبر پنجاب نے فوری کارروائی کرتے ہوئے تعمیراتی کمپنی کے خلاف قانونی شکنجہ کس دیا ہے۔

لیبر ڈیپارٹمنٹ حکام کے مطابق حادثے کی ذمہ دار بنو مختار کنسٹرکشن کمپنی کے خلاف ایف آئی آر درج کر لی گئی ہے، جبکہ حفاظتی انتظامات میں سنگین غفلت برتنے پر پراجیکٹ سائٹ کو پوش ایکٹ 2019 کے تحت مکمل طور پر سیل کر دیا گیا ہے۔

محکمہ لیبر پنجاب کے مطابق کام کی جگہ پر مزدوروں کی زندگیوں کو خطرے میں ڈالنے والی کسی بھی کوتاہی کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ حادثے میں جاں بحق ہونے والے محنت کشوں کے قانونی واجبات اور معاوضے کی ادائیگی کے لیے بھی عمل شروع کر دیا گیا ہے۔

حکام نے یقین دہانی کرائی ہے کہ واقعے کی شفاف تحقیقات مکمل کر کے ذمہ داروں کو قرار واقعی

سزا دی جائے گی تاکہ مستقبل میں ایسے حادثات کا سدباب ہو سکے